# الیکشن کمیشن آف پاکستان

مورخہ: 18 نومبر 2025ء

پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس (PIDE) کے زیر تعلیم طلبہ وفد نے آج رجسٹرار ڈاکٹر ناصر اقبال کی سربراہی میں الیکشن کمیشن آف پاکستان کا مطالعاتی دورہ کیا۔ سیکریٹری الیکشن کمیشن عمر حمید خان نے وفد کا استقبال کیا۔ اس موقع پر اسپیشل سیکریٹری ظفر اقبال نے وفد کو الیکشن کمیشن کے آئینی، انتظامی اور قانونی فرائض پر جامع بریفنگ دی۔ انہوں نے وضاحت کی کہ الیکشن کمیشن کے بنیادی فرائض میں صدرِ مملکت کے انتخاب، سینیٹ انتخابات، قومی وصوبائی اسمبلیوں کے عام انتخابات، بلدیاتی انتخابات، ضمنی انتخابات، حلقہ بندیوں کی انجام دہی اور انتخابی فہرستوں کی تیاری شامل ہیں۔ مزید بتایا کہ الیکشنز ایکٹ 2017ء کے تحت کمیشن کو قواعد سازی، انتخابات میں بے ضابطگیوں پر، انتخاب کالعدم قرار دینے، مانیٹرنگ نظام کے قیام، غفلت برتنے یا غیر قانونی کام کرنے پر انتخابی عملے کے خلاف انضباطی کارروائی اور انتخابی عملے کی تربیت جیسے اختیارات حاصل ہیں۔

ڈی جی پولیٹیکل فنانس نے وفد کو پولیٹیکل فنانس اور انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے انتخابی شفافیت کے جدید طریقہ کار سے روشناس کرایا۔ ایڈمن وِنگ نے الیکشن میں تعینات افسران کی کارکردگی اور وسائل کی بہتری پر روشنی ڈالی اور سرگودھا، اوکاڑہ اور اٹک سمیت مختلف اضلاع میں نئے تعمیر شدہ دفاتر کے بارے میں بریف کیا۔ ایڈیشنل ڈی جی میڈیا کوآرڈی نیشن اینڈ آوٹ ریچ نے جنوری تا اکتوبر 2025 کے دوران ملک گیر سطح پر منعقد ہونے والی 821 ووٹر آگاہی سرگرمیوں سے متعلق آگاہ کیا۔ ڈی جی جی ایس آئی نے شناختی کارڈ اور ووٹر رجسٹریشن مہم INVR-5 منصوبے کی پیش رفت پر روشنی ڈالی۔ وفد نے EMCC اور Server Room کا بھی معائنہ کیا۔

ڈاکٹر ناصر اقبال رجسٹرار PIDE، نے کہا کہ اگر الیکشن کمیشن PIDE سے تحقیقی معاونت کا خواہاں ہے تو اُنکا ادارہ تعاون فراہم کرنے کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ووٹر کے اعتماد میں اضافے کیلئے ریاست اور شہری تعلق کو مضبوط بنانا ناگزیر ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ PIDE کا Executive Development Center الیکشن کمیشن کے تربیتی پروگراموں میں بھی معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ انہوں نے الیکشن کمیشن کے انتخابات سے متعلق اعداد و شمار کو تحقیقی مقاصد کیلئے حاصل کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔